مجموعہ ضابطہ فوجداری 1898ء
(ایکٹ نمبر 5 بابت 1898ء کی ترمیم)

4۔ ایکٹ نمبر 5 بابت 1898ء کی دفعہ 99۔الف کی ترمیم

مجموعہ ضابطہ فوجداری 1898ء (ایکٹ نمبر 5 بابت 1898ء میں جس کا حوالہ بعد ازیں مذکورہ مجموعہ کے طور پر دیا گیا ہے' دفعہ 99' الف میں' ذیلی دفعہ (1) میں

الف۔ ''الفاظ اور سکتہ''اس طبقہ کے'' کے بعد الفاظ' ہندسے' قوسین' حرف اور''سکتے''اس نوعیت کا کوئی مواد جس کا حوالہ مغربی پاکستان پریس اور پبلی کیشنز آرڈیننس 1963ء کی دفعہ 24 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (ی ی) میں دیا گیا ہے'' شامل کر دیئے جائیں گے' اور

(ب) ہندسہ اور حرف''298۔الف کے بعد الفاظ' ہندسے اور حرف'' یا دفعہ 298۔ب یا دفعہ 298۔ج'' شامل کردیئے جائیں گے۔

ایکٹ نمبر 5 بابت 1898ء کی جدول دوم کی ترمیم

مذکورہ مجموعہ میں جدول دوم میں دفعہ 298۔الف سے متعلق اندراجات کے بعد حسب ذیل اندراجات شامل کردیئے جائیں گے۔یعنی......

1	2	3	4	5	6	7	8
298۔ب	بعض مقدس شخصیات کے لیے مخصوص القاب' اوصاف اور خطابات وغیرہ کا ناجائز استعمال	ایضاً	ایضاً	ناقابل ضمانت	ایضاً	تین سال کے لیے کسی ایک قسم کی سزائے قید اور جرمانے	ایضاً
298۔ج	قادیانی گروپ وغیرہ کا شخص جو خود کو مسلمان ظاہر کرے یا اپنے مذہب کی تبلیغ یا تشہیر کرے	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً

حصہ چہارم
مغربی پاکستان پریس اور پبلی کیشنز آرڈیننس 1963ء
(مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر 30 مجریہ 1963ء) کی ترمیم

6۔ مغربی پاکستان آرڈیننس 1963ء کی دفعہ 24 کی ترمیم

مغربی پاکستان پریس اور پبلی کیشنز آرڈیننس 1963ء (مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر 30 مجریہ 1963ء) میں دفعہ 24 میں ذیلی دفعہ (1) میں شق (ی) کے بعد حسب ذیل نئی شق شامل کردی جائے گی۔یعنی......

''(ی ی) ایسی نوعیت کی ہوں جن کا حوالہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر 45 بابت 1860ء) کی دفعات 298۔الف' 298۔ب یا 298۔ج میں دیا گیا ہے'' یا''

شائع کردہ

محکمہ فلم و مطبوعات' وزارت اطلاعات و نشریات' اسلام آباد' پاکستان 1984-6-6